2.5. **نیتیں:**

2.5.1. اس موقع پر عموماً دل نرم ہو جاتا ہے اور انسان نیکی کی طرف قدرے جلدی مائل ہوتا ہے، لہٰذا میّت کے ایصالِ ثواب کے لیے مسجد، مدارس و جامعات وغیرہ بنانے یا تعمیرات میں حصہ لینے کا ذہن دینا اور نیتیں کروانا۔

2.6. **شرعی رہنمائی:**

2.6.1. جہاں ضرورت ہو وہاں دارالافتاء اہلسنت سے رابطہ کرکے شرعی رہنمائی لینا۔

2.6.2. گر کہیں غیر شرعی معاملات (نوحہ کرنا، سینہ پیٹنا، سر کے بال نوچنا، مصیبت کے وقت کفریہ کلمات بولنا، مرد و عورت کا اختلاط وغیرہ) دیکھیں تو دارالافتاء اہلِ سنت سے رہنمائی لے کر احسن انداز سے سمجھانا۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ فتنہ و فساد کا اندیشہ نہ ہو (یعنی جہاں ظنِّ غالب ہو کہ سمجھانے سے مان جائے گا، وہاں سمجھایا جائے) اور زہے نصیب! ، مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ 28 ”کلماتِ کفر“ بھی پیش کیا جائے

2.7. **کورسز:**

2.7.1. دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات، اداروں اور دیگر عاشقانِ رسول میں کفن دفن کورس کروانا، نیز مختلف شخصیات، صاحبِ ثروت افراد، تاجران اور اداروں کے اسٹاف کو بھی اس کورس میں شمولیت کی ترغیب دلانا۔

2.7.2. سنی عاشقانِ رسول کے جامعات و مدارس، گورنمنٹ و پرائیویٹ دفاتر، اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور انسٹی ٹیوٹس کے مالکان و عملے (Staff) سے پیشگی وقت لے کر ملاقات کرنا اور انہیں کورس کرنے کی ترغیب دلانا۔

2.7.3. اعراسِ بزرگانِ دین کے مواقع پر شعبہ مزاراتِ اولیاء کی مشاورت سے زائرین کو غسلِ میت و کفن کا طریقہ سکھانا اور نمازِ جنازہ کورس، تدفین کورس وغیرہ کروانا۔

2.8. **مسلم فیونرل ایپ:**

2.8.1. دورانِ ملاقات ترغیب دلا کر مُسلم فیونرل ایپ کا تعارف اور ایپ ڈاؤن لوڈ کروانا۔

2.8.2. مختلف اہم مواقع (ہفتہ وار اجتماعات، بڑی راتوں کے اجتماعات، مدنی مذاکرہ اجتماعات، ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماعات اور دیگر اجتماعات) میں ”مسلم فیونرل ایپ“ ڈاؤن لوڈ کروانے کے لیے اسٹال/بستہ لگانا۔

Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

2.9. **عملی اجتماعات:**

2.9.1. اپنے علاقوں میں شعبہ کفن دفن کے اجازت یافتہ معلّمین کے ذریعے، متعلقہ نگران و شعبہ ذمہ دار کی مشاورت سے کفن دفن کے عملی اجتماعات کروانا۔

2.9.2. کفن دفن کے عملی اجتماعات میں غسل میت کا طریقہ کار سکھانا۔

جدول عملی اجتماعات: تلاوت و نعت شریف 6 منٹ: پریکٹیکل: 60 منٹ، تیسٹ: 10 منٹ، صلوۃ و مع اختتامی دعا: 10 منٹ: کل دورانیہ تقریباً 1 گھنٹہ 26 منٹ

2.10. **وڈیو اجتماعات:**

2.10.1. یوسی/سیکٹر سطح پر غسلِ میت، کفن بنانے، پہنانے اور غسلِ میت کا طریقہ سکھانے کے لیے وڈیو اجتماعات کا انعقاد کرنا۔

**نوٹ**: مساجد میں وڈیو اجتماعات کی ترکیب نہیں ہوگی۔ البتہ مسجد سے ملحقہ ایسی جگہ جو فنائے مسجد نہ ہو، وہاں (خارج مسجد) وڈیو اجتماعات کی ترکیب بنائی جاسکتی ہے۔

### 2.11. تقسیم رسائل:

2.11.1. مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے مکتبۃ المدینہ کے کتب و رسائل تقسیم کروانا مثلاً میت کے غسل وکفن کا طریقہ، ،نماز جنازہ کا طریقہ، فاتحہ و ایصال ثواب کا طریقہ، قبر والوں کی 25 حکایات، مدنی وصیت نامہ (مع کفن دفن کے احکامات)، کفن چوروں کے انکشافات، اپنے لیے کفن تیار رکھنا کیسا؟، اور مرحوم والدین کے حقوق، تجہیز و تکفین کا طریقہ وغیرہ۔

2.11.2. مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل (میت کے غسل وکفن کا طریقہ، نمازِ جنازہ کا طریقہ، فاتحہ و ایصالِ ثواب کا طریقہ، قبر والوں کی 25 حکایات، مدنی وصیت نامہ (مع کفن دفن کے احکامات)، کفن چوروں کے انکشافات، اپنے لیے کفن تیار رکھنا کیسا؟، مرحوم والدین کے حقوق، تجہیز و تکفین کا طریقہ وغیرہ) تقسیم کروانا۔

### 2.12. گورکن کے حلقے:

2.12.1. اپنے علاقوں میں موجود گورکن (قبر کھودنے والے)، کتبہ و سلیب بنانے والے، اور کفن کا سامان فروخت کرنے والوں کے درمیان شعبے کی طرف سے دیے گئے نصاب کے مطابق مدنی حلقے لگانا۔

2.12.2. مدنی حلقہ کے بعد شرکاء سے ملاقات کرنا اور انفرادی کوشش کرکے انہیں دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ کرنے کی کوشش کرنا۔

### 2.13. بعد از نماز جمعہ قبرستان میں حاضری:

2.13.1. نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے لیے آنے والے عاشقانِ رسول پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے، انہیں بعد از نماز قبرستان جاکر اجتماعی دعا و ایصالِ ثواب میں شرکت کی ترغیب دلانا۔

2.13.2. نمازِ جمعہ کے بعد عاشقانِ رسول کو قریب کے قبرستان لے جاکر اجتماعی طور پر ایصالِ ثواب/فاتحہ کروانا۔

2.13.3. دعا کے بعد انفرادی کوشش کرتے ہوئے عاشقانِ رسول کو ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں شامل کرنے کی ترغیب دلانا۔ (ایصالِ ثواب و دعا کا دورانیہ تقریباً 7 منٹ ہوگا)

### 2.14. جدول (Schedule):

2.14.1. اپنا پیشگی (Advance) و عملی (Practical) جدول، جدول سوفٹ ویئر میں انٹر کرنا۔

2.14.2. ضرورتاً تبدیلی کی صورت میں اپنے نگران کی اجازت (Permission) سے جدول سوفٹ ویئر میں اپ ڈیٹ کرنا۔

#### پیشگی جدول کی تاریخیں

| سطح | عیسوی تاریخ | سطح | عیسوی تاریخ |
|---|---|---|---|
| نگرانِ مجلس پاکستان | 17,18 | ڈویژن ذمہ داران | 21,22 |
| صوبائی/سٹی ذمہ داران | 19,20 | ڈسٹرکٹ/میٹروپولیٹن ذمہ داران | 23,24 |

#### عملی جدول کی تاریخیں

| سطح | عیسوی تاریخ |
|---|---|
| تمام ذمہ داران | 1,2,3 |

4.4.ایپ ڈاؤن لوڈ کروانے کے لئے: ① **ہدف فی یوسی**: 12 اسلامی بھائی ② **ہدف فی ٹاؤن/تحصیل**: 26 اسلامی بھائی

4.5.کفن دفن عملی اجتماع کے لئے: ① **ہدف ماہانہ کفن دفن عملی اجتماع**: فی معلم کم از کم 12

4.6.ویڈیو اجتماع کے لئے: ① یوسی سطح پر-----

4.7.کورسز کروانے کے لئے:

① **نماز جنازہ کورس** (دورانیہ 30 منٹ)، (ہدف فی یوسی ہر ماہ)

② **تدفین کورس** (دورانیہ 30 منٹ)، (ہدف فی یوسی 1 ہر ماہ)

③ **COVID-19-کفن دفن کورس** (دورانیہ 1 گھنٹہ 26 منٹ)، (ہدف فی ڈسٹرکٹ اور میٹروپولیٹن ہر ماہ: 1)

4.8.**حاضری قبرستان کورس** (ہدف فی یوسی 1 ہر ماہ)

4.9 **فیڈبیک** (Feedback):

4.9.1 شعبے کے متعلق تنظیمی شکایات کو حل کرنا، آنے والی تجاویز (Suggestions) پر مشورہ کرنا اور ممکنہ صورت میں نافذ (Implement) کرنا۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)

02 **ذوالحجہ** 1447ھ /19 **مئی** 2026ء

